اسماعیل کا پیش کردہ

हम दोनों

خلاصہ کہانی
اور
گانے

ہم دونوں

ادا کاران
دیوآنند سادھنا
اور
نندا

قیمت ۱؍

ن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

روٹی

انسان کو پیٹ بھرنے کیلئے کیا چاہیے صرف دو روٹی اور شیام کا بھی کہنا ہے۔ کہ ایمانداری سے کمائی ہوئی دو روٹی میں جو سکھ چین ہے۔ وہ دنیا کی کسی چیز میں نہیں۔ مگر ۔ کا ہنسولی لچھمی داس۔ ساری دنیا کی روٹیاں اپنے پیٹ میں بھر لینا چاہتا تھا۔

آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانے

دو روٹی کے

گانا نمبر ۱

سُن لو اجی سُن لو پیٹ کی بات

کورس:۔ روٹی بنا جیون ہے کالی رات

لڑکا:۔ روٹی بن ترچھی نظر سنیلی کمر نا ہی بھائے

لڑکی:۔ روٹی بن پی کی لگن دل کا ملن ٹوٹ جائے

لڑکا:۔ روٹی بن سجنی رو بیٹھے

لڑکی: ہائے ہائے ساجن چھوٹے

روٹی بنا الفت بھی کھائے مات

کورس:۔ روٹی بنا جیون ہے کالی رات

لڑکی:۔ بھوک جب توڑے ستم۔ بھوکے کے کرم دل ہوں کالے

لڑکا:۔ پاس جب ہووے نہ دھن بیچیں بدن روپ والے

چوری جائے کوئی

لڑکی:۔ جال پھیلائے کوئی

پیٹ بھی ہے یارو بڑا بدذات

کورس:۔ روٹی بنا جیون ہے کالی رات

گانا نمبر ۲

تمہیں جو پیار کیا، ہم نے کیا گناہ کیا
یہ کس قصور پہ تم نے ہمیں تباہ کیا
تمرے کارن ہم اجیا جائے رہے - تمرے کارن
تمہارے عشق میں جینا ہمیں محال ہوا
ہمارا اور پپیہے کا ایک حال ہوا
تمرے کارن...
جان گئے ہم تمکو بے درکار تم ہو بڑے بے ایمان
دے دو ہمارا دِل ہمیں واپس ہو گیا بڑا احسان
تمرے کارن...

گانا نمبر ۳

کالی بدریا - مارے بجریا
من میں چھپا لو موہے ظلمی سنوریا
دیکھو جی پپیہا بولے - پاپی جیرا ڈولے
آگ لگائے برسات
ایسے میں نہ روٹھو بیاں ڈالوں گلے بیاں
مانو بلم جی بات
چمکے کریا مُکے جُنریا - من میں چھپا لو موہے ظلمی سانوریا
سپنوں میں آئے کوئی نیند میں چرائے کوئی پھر بھی ہے انجان
الیبوں پہ بھروسہ کر کے درد جیا میں بھر کے
ہائے جلائی جان
بانی عمریا بھی ڈگریا من میں چھپا لو موہے ظلمی سانوریا

چھوڑو جی بہانے چھوڑو۔ دیکھو جیا نہ توڑو
انکھیاں ملاؤ دلدار
کرلو محبت کرلو۔ پیار سے جی بھرلو
آج کرو نہ انکار
برسے بدریا تر سے نیریا من میں چھپالو موہے ظلمی سانوریا

گانا نمبر ۴

لڑکی: میری پیاری کہانی ہے محبت کی کہانی بھی
لڑکا: جہاں والو محبت آگ بھی ہے پانی بھی
لڑکی: کہیں لب پر ترانے ہیں کہیں ہونٹوں پہ آہیں ہیں
لڑکا: کہیں خنجر گلے پر ہے کہیں گردن میں باہیں ہیں
دونوں: محبت موت بھی ہے اور محبت زندگانی بھی
لڑکا: کسی کو پاکے کوئی میٹھے میٹھے گیت گاتا ہے
لڑکی: کسی کو کھو کے کوئی رات دن آنسو بہاتا ہے
دونوں: محبت مسکراہٹ بھی ہے اشکوں کی روانی بھی
لڑکی: کہیں ہوتی ہیں باتیں چاند سے تاروں سے مستی میں
لڑکا: اندھیرا ہی اندھیرا ہے کسی کے دل کی بستی میں
دونوں: محبت ایک دو رنگی رُت ہے سُونی بھی سُہانی بھی

گانا نمبر ۵

غم کی ہوئی ہار لو جیت گیا پیار
ناچے جیا جھوم جھوم کے ہائے جھوم جھوم کے
روٹھے ہوئے من گئے۔ دل کی لگی پہچان گئے
نظریں ہوئی چار۔ لو تیر ہو گئے پار

ناچے جیا جھوم....

مَیں ہوں کہیں۔ دِل ہے کہیں۔ آج مجھے کچھ ہوش نہیں
چھا گیا خمار۔ لو آ گئی بہار

ناچے جیا جھوم....

نظریں مِلیں۔ وار ہوئے۔ کتنے حسیں اقرار ہوئے
من کے بجے تار۔ لو جاگ اُٹھا پیار

ناچے جیا جھوم...

گانا نمبر ۲

اشکوں کی کہانی کیا کہیئے۔ آہوں کا فسانہ کیا کہیئے
ہنس ہنس کے رُلاتا ہے کیسے بیدرد زمانہ کیا کہیئے
جب چاندنی راتیں ہوتیں تھیں۔ جب پیار کی باتیں ہوتیں تھیں
اب تک جو نشہ ہے آنکھوں میں وہ خواب سہانا کیا کہیئے
جیون کے چمن تک آتے ہی۔ رنگین بہانے روٹھ گئے
روٹھی ہوئی قسمت کا ہائے۔ بھرپور نشانہ کیا کہیئے
مانا کہ ستمگر دنیا ہے سننے کیلئے بے تاب مگر
اب وہ نہیں سننے والوں میں۔ پھر اپنا فسانہ کیا کہیئے

گانا نمبر ۳

لڑکی:۔ گھر کے بہانے یہ گھٹا ہیں تو مزا آ جائے
لڑکا:۔ آپ گھر جانے نہ پائیں تو مزا آ جائے
لڑکی:۔ پیارا پیارا ہے سماں
لڑکا:۔ آرزوئیں ہیں جواں
لڑکی:۔ دِل سمجھتا ہی نہیں

لڑکا:۔ روٹھ جاتا نہ کہیں
لڑکی:۔ روٹھیں ہم آپ منائیں تو مزا آجائے
لڑکا:۔ یوں نہ تڑپائیے جی
لڑکی:۔ ہوش میں آیئے جی
لڑکا:۔ چھائی ہے اودی گھٹا
لڑکی:۔ اچھا جی پھر ہمیں کیا
لڑکا:۔ آپ آنکھوں سے پلائیں تو مزا آجائے
لڑکی:۔ ہاتھ میں ہاتھ رہے
لڑکا:۔ آپ کا ساتھ رہے
لڑکی:۔ ہم کہیں دُور چلیں
لڑکا:۔ دیکھنے والے جلیں
لڑکی:۔ جلنے والوں کو جلائیں تو مزا آجائے

گانا نمبر ۹

یہ جو نظریں جھکائے جاتے ہیں
خوبصورت ہیں بھولے بھالے ہیں
ایک تو دل نہیں ہے قابو میں
اس پہ بوتل کو بھی سنبھالے ہیں
چوروں کی طرح چھپکے چھپکے
تنہائی میں جاکر پیتے ہیں
ایسے بھی ہیں پینے والے
جو یاروں سے چھپاکر پیتے ہیں
پینے کا جب مزا ہے کہ محفل میں آکے پی

شرم و حجاب چھوڑ کر نگاہیں ملا کے پی
اچھی نہیں ہیں تاروں سے یہ بدگمانیاں
لا ہاتھ دوستی کا بڑھا، مسکرا کے پی
تنہائی میں پینا کچھ بھی نہیں - اپنے لئے جینا کچھ بھی نہیں
ملتی ہے جو ہم دل والوں کو - اوروں کو پلا کر پیتے ہیں
جو تجھ کو پینے سے روکتا ہے
شراب پینے سے ٹوکتا ہے
اُسے جہاں کی خبر نہیں ہے
حقیقتوں پر نظر نہیں ہے
کسی سے جھگڑا نہ کر۔ پیئے جا۔ ہنسی خوشی چار دن جیئے جا
ہے دو گھڑی کی یہ زندگانی - نہ جا کے آئیگی پھر جوانی
کہا نہ میرا جو تو نے مانا
ہنسے گا یہ سنگدل زمانہ
کسی سے جھگڑا نہ کر پیئے جا
ہنسی خوشی چار دن جیئے جا
یہ جام اُٹھا تکرار نہ کر
تجھ کو ہے قسم انکار نہ کر
دُنیا میں جو ہمت والے ہیں
دُنیا کو جلا کر پیتے ہیں

ختم شد

سینڈووی

کیا آپ اپنے آپکو کمزور محسوس کرتے ہیں۔ دست صاف نہیں آتا، قبض بنی رہتی ہے۔ اچھے سے اچھا کھانے پر بھی تندرستی خراب ہوتی جا رہی ہے۔ کھایا ہوا دودھ گھی یا طاقت کی دوائیں آپکو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی۔ بلکہ اُلٹی کمزوری آتی ہے۔ یا آپکا کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ یادداشت خراب ہو گئی ہے۔ ذرا سی محنت کرنے میں سانس پھولنے لگتی ہے دن رات پڑے رہنے کو جی چاہتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے کالے دھبے پڑ گئے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ذمہ داری کے کام سے جی چرانے لگے ہیں۔ ہر وقت ڈر یا گھبراہٹ رہتی ہے کمر میں اور سر میں درد رہتا ہے۔ جسم میں خون کا بننا بند ہو گیا ہے۔ یا اسی طرح کی اور تکلیف ہو تو علاج میں دیر کرنا خطرناک ہے۔ آپ آج ہی سینڈووی منگائیں۔ اس سے آپکی تکلیفیں جلد دور ہو جائینگی۔ اگر پورا کورس استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس کرینگے گارنٹی کا فارم ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

قیمت ۱ شیشی ۱۵ دن کا کورس ۔ ۳|۲|۱

" ۲ " ۳۰ " " " ۔ ۵/۱-۱

" ۳۰ " ۴۵ دن کا پورا کورس ۔ ۷/۱-۱

محصولڈاک معاف

ایک سال یا اس سے زیادہ ڈیبلٹی کے بیمار پورا کورس ہی استعمال کریں۔

نریندر اینڈ کمپنی گنیس سٹریٹ دریبہ کلاں دہلی